| مضمون: | اردو | جماعت: | پلےگروپ (پندرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس کے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی' کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ اور ر کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا حرف 'ڑ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا سولھواں حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے کہ 'ڑ' سے کو لفظ شروع نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ الفاظ کے درمیان میں اور آخر میں آتا ہے جیسا کہ (گڑیا، گھڑی، گاڑی، پہاڑ) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائی جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ڑ' والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے۔ ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پلے ڈو دے کر بچوں سے 'ڑ' بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 98 کھولنے کو کہا جائے گا 'ڑ' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا صفحہ 99 پر 'ڑ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 99,98 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ڑ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | پلے ڈو | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پندرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس کے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ڑ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>میری گڑیا پیاری سی گڑیا    چھوٹی موٹی گڑیا<br>ہنستی کھیلتی گڑیا    ہاتھ ہلاتی گڑیا    میری گڑیا پیاری سی گڑیا<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 101 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اشکال کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کاغذ کی پلیٹ کو آدھا کر کے دیا جائے گا۔ اُس کے ساتھ بچوں کو کالے چارٹ پیپر سے کٹے ہوئے پہیے اور کھڑکیاں جائیں گی۔ بچوں کو کہا جائے کہ پینٹ برش کی مدد سے پیپر پلیٹ کو رنگ کریں اور جب وہ خشک ہوجائے تو اُس پر پہیے اور کھڑکیاں چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو تصاویر دکھا کر حرف 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 100 کیجیے۔ | 20 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 101<br>کاغذ کی پلیٹ، کالا، چارٹ پیپر، پوسٹر کلر، گلو | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پندرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس کے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس کی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ڑ' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ڑ' کی کہانی سنیں گے۔ ثریا کے پاس ایک گڑیا تھی۔ وہ ہر وقت گڑیا سے کھیلتی رہتی تھی۔ ایک دن اُس کے ابو اُس کے لیے گاڑی لے کر آئے۔ اُس کو بہت اچھی لگی۔ اُس نے اپنے ابو سے کہا کہ میں نے گھوڑے کی سیر کرنی ہے۔ اُس کے ابو نے گھڑی دیکھی اور کہا کہ آج مجھے دیر ہوگئی ہے۔ کل چلیں گے۔ پھر وہ دونوں مزے سے آڑو کھانے لگے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے اور اُن سے کہا جائے گا کہ تصاویر کے فلیش کارڈ الگ کریں۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 102 کھولنے کو کہا جائے گا ان تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا جن کے نام میں 'ڑ' آتا ہو۔ 'ڑ' کو نقطوں کی مدد سے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر گڑیا، گاڑی، گھڑی، گھوڑا لکھا جائے گا۔ اور بچوں سے کہا جائے گا اس میں ڑ کے گرد دائرہ لگائیں۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br><br><br>تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر<br>102 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پندرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی صوتی آواز ، الفاظ اور بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:** حرف 'ڑ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ڑ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اور اس میں 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ (حرف اور اشیاء) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ایسے مزید الفاظ سیکھیں گے جس میں 'ڑ' آتا ہے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے گڑ، مکڑی، آڑو کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ میں 'ڑ' کی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو Salt Tray کی مدد سے 'ڑ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 103 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ڑ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | Salt Tray کتاب صفحہ نمبر 103 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے مکڑی، گڑ اور آڑو میں پوچھا جائے گا کہ 'ڑ' کہاں آتا ہے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (پندرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڑ' کی پہچان کر سکیں۔اس کی صوتی آواز ، الفاظ اور بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ڑ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اور اس میں 'ڑ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آج ہم کون سا حرف کرنا سیکھ رہے ہیں۔بچوں سے Salt Tray پر 'ڑ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ڑ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڑ' ہوا میں بتانے کو کہا جائے گا۔'ڑ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کاپی میں حرف 'ڑ' پر پنسل پھیریے۔ | 13 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Salt Tray<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |